سونا ®
یوریا

# فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ

FFC

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

اس نوٹس کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ (''کمپنی'') کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاسِ عام 8 اکتوبر 2021 بروز جمعہ کو 10 بجے ایف ایف سی کے ہیڈ آفس، 156 دی مال، راولپنڈی میں مندرجہ ذیل کاروباری امور کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1۔ 27 جولائی 2021 کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی منظوری کے لئے۔

**خصوصی امور**

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت 16 اکتوبر 2021 سے 15 اکتوبر 2024 تک تین سال کے عرصے کے لئے کمپنی کے ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنے کے لئے۔

الف) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 اور (a)(2) کے تحت ڈائریکٹرز نے بتاریخ 17 اگست 2021 کو ایک قرارداد کے ساتھ ڈائریکٹرز کی تعداد طے کی ہے جو کہ 12 ہے۔

ب) کمپنیز ایکٹ کے سیکشن (b)(2)159 کے تحت ریٹائرڈ ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

(1) **مسٹر وقار احمد ملک**
(2) **لیفٹیننٹ جنرل طارق خان، ایچ آئی (ایم) ریٹائرڈ**
(3) **ڈاکٹر ندیم عنایت**
(4) **مسٹر فرہاد شیخ محمد**
(5) **مسٹر سعد امان اللہ خان**
(6) **مس مریم عزیز**
(7) **میجر جنرل نصیر علی خان (ریٹائرڈ)**
(8) **مسٹر قمر حارث منظور**
(9) **مسٹر پیٹر برن جینسین**
(10) **میجر جنرل احمد محمود حیات (ریٹائرڈ)**
(11) **سید بختیار کاظمی**
(12) **مسٹر شعیب جاوید حسین**
(13) **ڈاکٹر حامد عتیق سرور**

**دیگر امور**

3۔ چیئرمین کی منظوری سے دیگر کاروبار کا لین دین کرنا۔

بحکم بورڈ

**بریگیڈیئر عسرت محمود (ریٹائرڈ)**

کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی

16 ستمبر 2021

**ای ووٹنگ**

ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن 143-145 کی ضروریات کو پورا کرنے اور کمپنیوں کے (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے قابل اطلاق شق کے مطابق ای ووٹنگ سے اپنا حق استعمال کر سکتے ہیں۔

**ویڈیو کانفرنس کی سہولت**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)132 کے مطابق، وڈیو کانفرنس کے لئے اگر کمپنی کے جیوگرافیکل لوکیشن پر رہنے والے اراکین کی رضامندی کے مجموعی حصص 10 فیصد یا زائد ہوں اور میٹنگ میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کرنے کے لئے میٹنگ کی تاریخ سے 7 دن پہلے مطلع کر دیا جائے تو مذکورہ شہر میں مطلوبہ سہولت دستیاب ہونے کی صورت میں کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی۔

**نوٹس**

1۔ غیر معمولی اجلاس عام کے لئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 2 اکتوبر 2021 سے 8 اکتوبر 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ میٹنگ میں شرکت اور ووٹنگ کا حق رکھنے والا کمپنی کا ممبر اپنی جگہ کسی فرد یا نمائندے کو میٹنگ میں موجودگی اور ووٹ دینے کے لئے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ میٹنگ میں بطور پراکسی شمولیت کیلئے اور موثر نمائندگی کے لئے میٹنگ کے آغاز سے 48 گھنٹے پہلے پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع 156۔ دی مال راولپنڈی پاکستان کو موصول ہونا چاہئے۔ کوئی ممبر ایک سے زائد پراکسی مقرر نہیں کر سکتا۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو بھی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات کے تحت نیچے دیے گئے رہنما اصولوں کو پیش نظر رکھنا ہوگا۔

**الف) اجلاس میں شرکت کے لئے**

i) دی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر EMD/MISC/82/2012 بتاریخ 3 مارچ 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے اجلاس عام میں اپنے شیئر ہولڈرز کو جسمانی طور پر حاضر ہونے کیساتھ ویڈیو لنک کے ذریعے بھی شامل کریں۔ یہ ہدایت شیئر ہولڈرز کو Covid-19 کے خطرے سے بچانے اور ان کے صحت کے تحفظ کے لئے ہے۔

ii) جو شیئر ہولڈر اس اجلاس عام میں وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنا چاہتا ہے وہ کمپنی کو اپنی تفصیلات بشمول نام، CNIC سکین (دونوں طرف سے)، فولیو نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس 5 اکتوبر 2021 تک shares@ffc.com.pk پر ارسال کر دے۔

iii) وڈیو لنک ممبرز کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریسز پر بھیج دیا جائے گا۔

iv) فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص، جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں حصہ لیتے وقت اپنا اصل پاسپورٹ یا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ دکھا کر اپنی شناخت کو مستند بنائے گا۔

v) سی ڈی سی میں رجسٹرڈ ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے خاص، آئی ڈی نمبرز اور اکاؤنٹ نمبرز سی ڈی ایس میں ساتھ لائیں۔

vi) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولیشن / پاور آف اٹارنی کے ساتھ نمائندے کے دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کئے تو) کا نمونہ اجلاس کے وقت فراہم کریں گے۔

**ب) پراکسی کے تقرر کے لئے**

i) ایک فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہو چکی ہیں، پراکسی فارم مندرجہ ذیل چیزوں کے ساتھ جمع کروائے۔

ii) پراکسی فارم کی تصدیق دو شخص کریں گے جس کا نام اور CNIC پراکسی فارم پر درج ہوگا۔

iii) اصل مالک اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہوں۔

iv) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولیشن / پاور آف اٹارنی بمعہ مقررہ شخص کے نمونے کے دستخط بھی اجلاس کے موقع پر فراہم کرنے ہوں گے (اگر یہ سب پہلے فراہم نہیں کیا گیا)۔

**3) ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے آراء کی طلبی**

کمپنی ایکٹ 2017 سیکشن (2) 132 کے مطابق مذکورہ سالانہ اجلاس عام کے لئے ممبران لاہور اور کراچی میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ کمپنی کو جن ممبران کی طرف سے مذکورہ بالا مقامات سے تجاویز موصول ہوں ان کی مجموعی حصص 10% یا زائد ہوں اور ان کی درخواست اجلاس سے کم از کم 7 دن پہلے موصول ہو جائے۔ مذکورہ بالا شرائط وضوابط کی تکمیل پر ممبران کو اجلاس عام سے 05 روز قبل اجلاس کے مقام پر مذکورہ سہولت سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کر دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں درج ذیل فارمیٹ کے تحت کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر اجلاس عام سے انعقاد سے 7 دن پہلے اپنی دستخط شدہ درخواست بھیج دیں۔ ''میں / ہم۔۔۔از۔۔۔بحیثیت ممبر فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ، مالک۔۔۔مجموعی حصص بمطابق رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر۔۔۔ویڈیو کانفرنس کی سہولت بمقام۔۔۔اختیار کرنا چاہتا / چاہتی ہوں''

**دستخط ممبر**

4) مزید رہنمائی کے لئے ممبر کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبرز، ای میل ایڈریس پر رابطہ کر سکتا ہے۔

ایف ایف سی شیئرز ڈیپارٹمنٹ، ٹیلی فون: 8453235-51-92، ای میل: shares@ffc.com.pk، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99۔ بی، بلاک بی، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس مین شاہراہ فیصل، کراچی - 74400، ٹیلی فون: 23275-0800، ای میل: info@cdcpak.com

**5) انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر کی فراہمی (آئی بی اے این کی تفصیل)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور SECP کے سرکلر نمبر (I) 421 تاریخ 19 مارچ 2021 کے تحت یہ لسٹڈ کمپنیز کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو ان کا منافع منقسمہ براہ راست الیکٹرانک موڈ کے ذریعے ان کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں ادا کریں۔ مزید یہ کہ 19 مارچ 2021 کے اپنے خط میں SECP نے یہ ہدایت کی ہے کہ تمام لسٹڈ کمپنیز اپنے تمام شیئر ہولڈرز سے ان کا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) حاصل کریں۔ اس حوالے سے، اپنا منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز جن کی شیئر ہولڈنگ فزیکل فارم میں ہے سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی IBAN تفصیلات دستخط شدہ CNIC کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99۔ بی، بلاک بی ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی - 74400 کو بھیجیں۔ وہ شیئر ہولڈر جن کے شیئرز سی ڈی ایس میں بک انٹری فارم میں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی IBAN تفصیلات براہ راست اپنے بروکر / حصہ دار / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروائیں۔

**6) فزیکل سیکورٹیز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کے لئے ضروری ہے کہ وہ بتائے ہوئے طریقہ کار کے ساتھ اور کمیشن کی بتائی ہوئی تاریخ 30 مئی 2017 سے جو کہ ایکٹ کے آغاز سے اب تک چار سال سے کم عرصہ ہے اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائے۔ مزید یہ کہ اپنے 26 مارچ 2021 کو بھیجے جانے والے خط میں SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کے لئے اپنی فزیکل سیکورٹیز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانا لازمی قرار دیں۔ ان ہدایات کی روشنی میں جن شیئر ہولڈرز کے پاس فزیکل شیئر ہولڈنگ ہے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی ایس پارٹیسپینٹ / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ سی ڈی سی اکاؤنٹ کھلوائیں اور اپنی موجودہ فزیکل سیکورٹیز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

**7) خود مختار ڈائریکٹرز کی تقرری کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان**

کوئی بھی شخص جو سیکشن 153 کے تحت اہل ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 کے تحت مطلوبہ قابلیت پر پورا اترتا ہے خود مختار ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو نامزد کر سکتا ہے۔ تاہم، یہاں اس امر کا ذکر ضروری ہے کہ خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب بھی اسی طریقے سے کیا جائے گا جس طرح کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے سیکشن (4) 159 کے تحت مذکورہ اجلاس سے سات دن پہلے مقابلہ کرنے والے ڈائریکٹرز کی فہرست اخبارات میں شائع کر دی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ، ہر ڈائریکٹر کے لئے درکار معلومات کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ ڈیٹ کی جائیں گی۔ مذکورہ بالا کاروبار سے کسی بھی ڈائریکٹر کا براہ راست یا بالواسطہ کوئی تعلق نہیں ہے سوائے ان کے جو ڈائریکٹرز کے الیکشن میں حصہ لینے کے لئے رضامند ہیں۔